13710 ـ کنوینس (سفرکا خرچہ) الاؤنس کے حصول کے لیے آفس والوں کو دھوکہ دینا

سوال

اگر ملازمت حاصل کرتے وقت ملازم کے حقوق میں یہ رکھا گیا ہو کہ اسے اپنے ملك سے اہل و عیال کو ملازمت والی جگہ پر لانے کا خرچ ادا کیا جائے گا، اس نےحقیقتا اپنے گھر والوں کو نہیں بلایا بلکہ صرف کاغذات میں تبدیلی کر کے رقم حاصل کرلی ہو تو کیا یہ رقم جائز ہے کہ نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شریعت مطہرہ میں ایسا کام کرنا جائز نہیں؛ کیونکہ یہ کذب بیانی اور دھوکہ سازی کے ذریعہ کمائی کرنا ہے، اور جو مال اس طرح کمایا جائے وہ حرام ہے، اس سے رکنا اور بچنا واجب ہے.

اللہ تعالی سب کو اس سے عافیت میں رکھے.

واللہ اعلم .